ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

نیشنل انڈر19 کپ کے چیمپئن کا فیصلہ جمعہ کو ہوگا

لاہور،7جولائی2022ء:

پر اعتماد سینٹرل پنجاب بلیوزاور جارح مزاج خیبر پختونخوا وائٹس کے مابین نیشنل انڈر19 کپ کا فائنل 8جولائی بروز جمعہ کو رانا نوید الحسن اکیڈمی شیخوپورہ میں کھیلا جائے گا۔50اوورز طرز کی کرکٹ کے ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو ٹرافی سمیت 10لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی۔ رنرزاپ ٹیم 5لاکھ روپے کی حقدار ٹھہرے گی۔

ایونٹ کے بہترین بیٹر، باؤلر اور وکٹ کیپر کو50 ہزار روپے جبکہ پلیئر آف دی فائنل کو20 ہزار روپے بطور انعام دیئے جائیں گے۔ پول اے اور پول بی کی دونوں ٹاپ ٹیمیں ٹورنامنٹ کے پانچوں راؤنڈز میں ناقابل شکست رہیں۔

سینٹرل پنجاب بلیوز کے کپتان عبید شاہد نے ایونٹ کے 4 میچز میں 3 نصف سنچریوں کی بدولت 82 کی اوسط سے246 رنزاسکور کررکھے ہیں تاہم ٹیم کا مضبوط شعبہ اسپن باؤلنگ ہے جہاں ارحم نواب اور علی اسفند نے10،10 وکٹیں حاصل کررکھی ہیں۔ دونوں اسپنرز کی ایونٹ کے 4 میچز میں بہترین باؤلنگ 18 رنز کے عوض4،4 وکٹیں حاصل کرنا ہے۔

عبید شاہد، کپتان سینٹرل پنجاب بلیوز:

سینٹرل پنجاب بلیوز کے کپتان عبید شاہد کا کہنا ہے کہ ناقابل شکست رہنے کے سبب ان کی ٹیم متحد اور پراعتماد ہے۔ بحیثیت کپتان وہ اپنی ٹیم اور ذاتی کارکردگی سے مطمئن ہیں۔ انہیں امید ہے کہ علی اسفند اور ارحم نواب پر مشتمل اسپن جوڑی کی موجودگی میں ان کی ٹیم چیمپئن بننے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔

اُدھر مسلسل دوسری مرتبہ فائنل میں پہنچنے والی خیبر پختونخوا وائٹس کے بیٹر شاہ زیب خان نے 4 اننگز میں 98 کی اوسط سے 196 رنز بنا رکھے ہیں۔ کپتان عباس علی نے 5 میچز میں 158 رنز بنانے کے ساتھ ساتھ 7 وکٹیں بھی حاصل کر رکھی ہیں۔ اسپنر محمد عرفان نے 4 میچز میں 7 اور فاسٹ باؤلر ایمل خان نے 8 وکٹیں حاصل کی ہیں۔

عباس علی، کپتان خیبر پختونخوا وائٹس:

خیبر پختونخوا وائٹس کے کپتان عباس علی کا کہنا ہے کہ دونوں ٹیمیں تاحال ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست ہیں تاہم کل ایک نیا دن ہوگا اور وہ ایک نئی حکمت عملی کے ساتھ میدان میں اتریں گے۔ گزشتہ سال خیبر پختونخوا کی ٹیم ہی ٹورنامنٹ کا فائنل جیتی تھی اس مرتبہ خیبر پختونخوا وائٹس اس روایت کو برقرار رکھنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager – Media and Communications
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.